پریس اطلاعات بیورو
(اردو یونٹ)
محکمۂ اطلاعات و رابطۂ عامہ، اترپردیش، لکھنؤ

25/01/2022

نئی دہلی میں منعقد ہونے والی یوم جمہوریہ کی پریڈ میں لوک عدالت سے متعلق ''ایک مٹھی آسماں'' موضوع پر جھانکی کی نمائش

لکھنؤ:25؍جنوری2022

اتر پردیش ریاستی قانونی خدمات اتھارٹی کے سکریٹری جناب سندیپ کمار جیسوال نے بتایا کہ جج جناب ایم وی رمنا، چیف جسٹس سپریم کورٹ جناب یو یو نامت، جج سپریم کورٹ ریاستی قانونی خدمات اتھارٹی (نالسا) کی ہدایت میں گزشتہ برس 2021 میں ریاستی لوک عدالت کے ذریعہ پورے سال میں 12787329 معاملوں کا تصفیہ کیا گیا۔ انھوں نے بتایا کہ نئی دہلی میں منعقد 26 جنوری 2022 یوم جمہوریہ کی پریڈ میں لوک عدالت سے متعلق ''ایک مٹھی آسماں'' موضوع پر جھانکی کی نمائش کی جارہی ہے۔

ممبر اتر پردیش ریاستی قانونی خدمات اتھارٹی کے بتایا کہ ایک مٹھی آسماں لوک عدالت، عدالتی نظام ایک مٹھی آسماں نیز سماج کے حاشیہ پر رہنے والے طبقوں کے لیے بھروسہ، مستحکم امید کی علامت ہے۔ قانونی خدمات اتھارٹی کی تشکیل سماج کے کمزور طبقوں کو مفت اور مجاز قانونی خدمات کو دینے کے لیے کیا گیا تا کہ اقتصادی یا کسی بھی دیگر وجوہات سے کوئی بھی شخص انصاف پانے سے محروم نہ رہے۔

جناب جیسوال نے بتایا کہ لوک عدالت کا حکم آخری ہوتا ہے۔ لوک عدالت سے معاملے کے تصفیہ کے بعد دونوں فریق فتح رہتے ہیں نیز ان میں فیصلہ سے قبل اطمینان ہوتا ہے۔ اس میں کوئی بھی فریق جیتا یا ہارتا نہیں ہے۔ ریاستی قانونی خدمات اتھارٹی کے ذریعہ عوام کو انصاف جلد از جلد دلایا جاتا ہے اور عدالتوں کا بار بڑے پیمانے پر کم کیا جاسکتا ہے۔ سال 2021 میں منعقد کی گئی قومی لوک عدالتوں میں ایک کروڑ پچاس لاکھ سے زیادہ معاملوں کا تصفیہ کیا گیا ہے۔ جھانکی کے سامنے 'انصاف سب کے لیے' کو ظاہر کرتا ہے جو بلا خوف، بھروسہ نیز تحفظ کی علامت ہے۔ جھانکی کا پچھلے حصہ میں ایک ہاتھ کی پانچ انگلیاں کھلتی ہوئی دکھائی دیتی ہے۔ جو لوک عدالتوں کے پانچ لوگوں اصولوں کو ظاہر کرتی ہے۔

☆☆☆☆☆